بینک دولت پاکستان

شعبہ بینکاری پالیسی وضوابط

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

بی پی آر ڈی سرکلر لیٹر نمبر 21 برائے 2025ء — 7 نومبر 2025ء

تمام بینکوں / ترقیاتی مالی اداروں کے

صدور / چیف ایگزیکٹوز

محترم / محترمہ،

## کارپوریٹ گورننس ضوابطی فریم ورک کے ضابطہ-جی-4 میں ترمیم

براہِ کرم کارپوریٹ گورننس ضوابطی فریم ورک کے حوالے سے بی پی آر ڈی سرکلر نمبر 5 برائے 2021ء ملاحظہ کیجیے۔

2۔ بینکوں اور ان کی مکمل ملکیت والی ذیلی کمپنیوں کے درمیان ادارہ جاتی انتظامات کو مضبوط بنانے کے لیے یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ بینک کے بورڈ کا رُکن (ارکان) اپنی متعلقہ ایکسچینج کمپنی کے بورڈ کے رکن (ارکان) کے طور پر بھی کام کرنے کے اہل ہوں گے، جس کے لیے کارپوریٹ گورننس کے ضوابطی فریم ورک کے پیرا 1(ہ) جی-4 میں ترمیم کر دی گئی ہے، جو درج ذیل ہے:

"**ضابطہ جی-4، پیرا 1(ہ)**" کوئی شخص کسی بینک / ترقیاتی مالی ادارے کا ڈائریکٹر اور / یا صدر / سی ای او نہیں بن سکتا، اگر اس کے نمایاں مفادات ہوں یا وہ درج ذیل میں سے کسی کے چیئرمین، ڈائریکٹر، سی ای او، چیف فنانشل آفیسر، چیف انٹرنل آڈیٹر، مالی مشیر، ریسرچ اینالسٹ، ٹریڈر یا رُکن (کسی بھی نام یا عہدے سے) کے طور پر کام کر رہا ہو:

(i) ایکسچینج کمپنی، ماسوائے اس کے کسی بینک کا صدر / سی ای او یا ڈائریکٹر، اسی بینک کی مکمل ملکیت والی ایکسچینج کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام دے سکتا ہے، بشرطیکہ وہ ضمیمہ-V میں درج اضافی حلف نامہ جمع کرائے؛

(ii) اسٹاک ایکسچینج؛

(iii) کارپوریٹ بروکریج فرم / ادارہ؛

(iv) کریڈٹ انفارمیشن بیورو؛

(iv) کوئی بھی کمپنی / ادارہ جس کی ملکیت اور نظم ونسق درج بالا (i) تا (iv) میں بیان کردہ افراد کے پاس ہو۔

**وضاحت:** پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے بورڈ ممبر کو کسی بھی بینک / ترقیاتی مالی ادارے کا بورڈ ممبر مقرر کیا جاسکتا ہے بشرطیکہ وہ اسٹاک ایکسچینج میں خود مختار ڈائریکٹر ہو اور اوپر بیان کردہ دیگر زمروں سے تعلق نہ رکھتا ہو۔

3۔ اس موضوع پر دیگر تمام ہدایات جوں کی توں رہیں گی۔

**منسلکات:** ضمیمہ-V

آپ کا مخلص

(غلام محمد)
ڈائریکٹر